نمازِ فجر کی اقامت کے دوران آنے والا شخص سنتِ فجر ادا کرے یا نہیں؟

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1017

تاریخ اجراء: 23 محرم الحرام 1445ھ/11 اگست 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

فجر کی جماعت کا ٹائم ہو جاتا ہے اور اقامت بھی شروع ہو جاتی ہے، اس دوران اگر کوئی شخص آئے، تو کیا اسے سنت ادا کرنی ہو گی اور کیسے ادا کرے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

فجر کی جماعت قائم ہو اور کسی نے سنتیں نہیں پڑھیں تو اگر اتنا موقع ہے کہ سنت پڑھ کر فرضوں کا سلام پھرنے سے پہلے پہلے نماز میں شامل ہو جائے گا اگرچہ التحیات میں خواہ مختصر طور پر فرائض وواجبات کی رعایت کے ساتھ پڑھنے سے، تو صفوں سے الگ پہلے فجر کی سنتیں پڑھے اور اگر جماعت نہیں ملے گی، امام سلام پھیر دے گا تو سنت فجر چھوڑ دے اور جماعت میں شامل ہو جائے۔

طحاوی شریف میں حدیث پاک میں ہے: حضرت ابو عثمان انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ”جاء عبد اللہ بن عباس والامام فی صلاۃ الغداۃ ولم یکن صلی الرکعتین فصلی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنھما الرکعتین خلف الامام ثم دخل معھم“ یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے جبکہ امام صبح کی نماز پڑھا رہا تھا اور آپ نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں، تو حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے امام سے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں پھر لوگوں کے ساتھ جماعت میں شریک ہوئے۔“ (شرح معانی الآثار للطحاوی، جلد 1، صفحہ 375، حدیث 2201، مطبوعہ: عالم الکتب، بیروت)

اسی میں ہے، حضرت ابو عثمان نہدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ”کنا ناتی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قبل ان نصلی الرکعتین قبل الصبح وھو فی الصلاۃ فنصلی الرکعتین فی آخر المسجد ثم ندخل مع القوم فی صلاتھم“ یعنی ہم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس فجر کی دو رکعتیں پڑھنے سے پہلے آتے

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے ہوتے تو ہم مسجد کے آخر میں دو رکعتیں پڑھتے، پھر لوگوں کے ساتھ نماز میں شریک ہو جاتے۔" (شرح معانی الآثار للطحاوی، جلد 1، صفحہ 376، حدیث 2207، مطبوعہ: مطبوعہ: عالم الکتب، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net